© rasailojaraid.com





# مصباح القرآن ٹرسٹ لاہور

سید فدا حسین بخاری

قرآن آئین اسلام ہے۔ فرد اور معاشرے کی بہترین سعادت کا حامل دستور الٰہی ہے۔ مسلمانوں کا فخر اور ہر معنی میں عظمت و صداقت کا معجزہ ہے۔ قرآن کے بغیر مسلمان اور اسلامی معاشرے کا کوئی تصور نہیں۔ اسی حقیقت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے علامہ اقبالؒ نے کہا ہے:

گر تو می خواہی مسلمان زیستن
نیست ممکن جز بہ قرآں زیستن

قرآن کے سب سے پہلے اور سب سے بڑے معلم خود رسول ﷺ کی ذات پاک ہے۔ اپنے بعد امت کو نہج اسلام پر باقی رکھنے کے لئے بھی پیغمبر خداؐ نے رہنمائی فرمائی ہے۔ چنانچہ ارشاد ہوا۔

اِنّی تَارِکٌ فِیْکُمُ الثَّقَلَیْنِ کِتَابَ اللّٰہِ وَ عِتْرَتِی اَہْلَ بَیْتِی مَا اِنْ تَمَسَّکْتُمْ بِھِمَا فَلَنْ تَضِلُّوابَعْدِی

میں تم میں دو گراں قدر چیزیں چھوڑے جاتا ہوں۔ ایک اللہ کی کتاب اور دوسری میری عترت اہل بیت۔ اگر تم ان دونوں کے دامن سے وابستہ رہے تو میرے بعد ہرگز گمراہ نہیں ہو گے۔ (صحیح مسلم، سنن ترمذی ج۲، ص۳۰۷، مسند احمد بن حنبل ج۳، ص۱۴)

اسی بنیادی فکر کے پیش نظر ”مصباح القرآن ٹرسٹ“ کا قیام عمل میں آیا ہے۔

یہ صورت حال مصباح القرآن ٹرسٹ کے اراکین کے پیش نظر ہے کہ پوری دنیا میں مختلف نظام ہائے حیات تجربات کے مراحل سے گزر کر ناکامی سے دوچار ہو چکے ہیں۔ دنیا میں بننے والی کوئی دوا پس



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ماندہ دکھی انسانیت کے درد کا مداوا نہیں کر سکی۔ پرفریب نعروں کی حقیقت آشکار ہو چکی ہے۔ لوگ اپنے درد کے علاج کے لئے دائیں بائیں سے رخ موڑ کر اب آسمان کی طرف دیکھنے لگے ہیں' فکر و نظر فطرت کی طرف لوٹ رہی ہے۔ اہل شعور اور صاحبان دانش یہ سوچنے پر مجبور ہیں کہ انسان کی محدود فکر' جس پر فرد یا گروہ کی اغراض کا سایہ بھی پڑا ہو' رہنمائے راہ حقیقت نہیں ہو سکتی۔ یہی سبب ہے کہ اب نظریں حقیقی ہدایت کی متلاشی ہیں اور آسمان ہدایت سے انسانی فلاح' سعادت اور نجات کے لئے اترنے والے پیام کا نام "قرآن" ہے۔ چاہیے کہ انسان قرآن کی طرف آ جائے۔ خود مسلمان ہر انحراف کو ترک کر کے قرآن کی طرف لوٹ آئیں۔ انسان دشمن اور اسلام دشمن قوتوں کا مقابلہ قرآن کی طرف رجوع کئے بغیر ممکن نہیں۔

اردو زبان میں قرآن کے حوالے سے مختلف طبقات' افراد اور اداروں نے جو کچھ خدمات انجام دی ہیں اور جو کچھ کیا ہے اس کی وسعت کچھ کم نہیں ہے لیکن بایں ہمہ' اس سب کو سامنے رکھتے ہوئے' ادارہ کے مسئولین نے اس امر کو محسوس کیا کہ :

☆ قرآن حکیم کو اسلامی تعلیمات کی اساس کے حوالے سے سرچشمہ ہدایت مانتے ہوئے اس کی تعلیمات' مفاہیم اور معارف کو عام کیا جائے۔ اس طرح سے کہ اپنی فکر سے قرآن کو دیکھا نہ جائے بلکہ قرآن کی فکر سے استفادہ کیا جائے۔

☆ قرآن حکیم جو کہ ہر دور' نسل اور ہر زمانے کے لیے ہے' اس سے دور حاضر کے مسائل اور مشکلات کے حل کے لئے راہنمائی لی جائے۔

☆ قرآن حکیم جو کہ زبان' الفاظ' تعلیمات' مفاہیم' آیات کی بندش' جملوں کے ہم آہنگ' تاریخ کی صداقت' تازگی و لطافت' فلسفہ و حکمت' گہرائی و گیرائی' سادگی غرض ہر اعتبار سے ایک دل آویز' پرتاثیر محکم اور دائمی معجزہ ہے۔ اس سے ہر حوالے سے سیکھا اور سکھایا جائے' سمجھا اور سمجھایا جائے۔

## آغاز کار

ان مقاصد کی روشنی میں ادارہ نے اپنے کام کا آغاز تفسیر نمونہ کے ترجمے کی اشاعت کے بہت بڑے منصوبے سے کیا۔ تفسیر نمونہ دور حاضر کی عظیم تفسیر قرآن ہے۔ یہ تفسیر عصر حاضر کے عظیم اسلامی دانشور اور محقق آیت اللہ العظمیٰ ناصر مکارم شیرازی کی زیر نگرانی لکھی گئی ہے۔ دس بلند مرتبہ علماء کا بورڈ اس سلسلے میں ان سے منسلک ہے۔ اس کی کل ستائیس جلدیں ہیں۔ اس کا سادہ' بامقصد



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اور عام فہم ترجمہ محسن ملت حضرت مولانا سید صفدر حسین نجفیؒ نے کیا ہے۔ اس کی تمام جلدیں بہت مقبول ہوئی ہیں۔

اس تفسیر کی ترتیب نو کر کے اسے پندرہ جلدوں میں بھی شائع کیا گیا ہے۔ آیت اللہ العظمیٰ ناصر مکارم شیرازی مدظلہ کی زیر نگرانی موضوعی تفسیر نمونہ "پیام قرآن" کے نام سے مرتب ہوئی ہے۔ مصباح القرآن ٹرسٹ نے اس تفسیر کی طباعت شروع کر دی ہے۔

موضوعی تفسیر کی افادیت کے پیش نظر حوزہ علمیہ قم کے ایک جید عالم دین آیت اللہ جعفر سبحانی مدظلہ نے "منشور جاوید" کے نام سے ایک مبسوط تفسیر لکھی ہے۔ ادارہ اس تفسیر کی متعدد جلدیں شائع کرنے کی سعادت حاصل کر چکا ہے۔ اس ادارے نے سید العلماء علی نقی النقوی کی تفسیر قرآن "تفسیر فصل الخطاب" کی سات جلدیں بھی شائع کر دی ہیں۔ یہ تفسیر قلمی شاہکار اور ایجاز و اختصار کی خوبیوں کو دامن میں لئے ہوئے تفسیری محاسن کا ایک حسین نمونہ ہے۔

ادارہ نے عہد حاضر کی عظیم تفاسیر کے تراجم شائع کرنے کے اپنے پاکیزہ مشن کو جاری رکھتے ہوئے اس دور کے عظیم فیلسوف، عارف اور استاد بزرگ علامہ محمد حسین طباطبائیؒ کی بیس جلدوں پر مشتمل شہرہ آفاق تفسیر "المیزان" کو اردو کے قالب میں منتقل کرنے کے کٹھن کام کا آغاز کر دیا ہے۔ امام خمینیؒ اور علامہ طباطبائی کے ایک ہونہار شاگرد خوش کلام عالم دین آیت اللہ محسن قرائتی کی تصنیف "تفسیر نور" کا ترجمہ بھی شائع کیا ہے۔ دریں اثنا قرآن پاک معریٰ شائع کرنے کے علاوہ مترجم قرآن پاک شائع کرنے کی طرف بھی توجہ دی گئی ہے۔ چنانچہ معروف عالم اور متعدد کتب کے مصنف مولانا سید ذیشان حیدر جوادی کا ترجمہ قرآن معہ حواشی "انوار القرآن" کے نام سے حال ہی میں چھپ کر سامنے آیا ہے، جبکہ سید العلماء سید علی نقی اعلیٰ اللہ مقامہ اور مولانا زیرک حسین صاحب کے علاوہ جناب ڈاکٹر محمد حسن رضوی کے تراجم خوبصورت متن قرآن کے ساتھ تیاری کے مراحل طے کر رہے ہیں۔ مصباح القرآن ٹرسٹ نے قرآنیات کے مختلف گوشوں کو اجاگر کرنے والی چند مقبول کتب کے علاوہ اپنے ذیلی ادارے مصباح الہدیٰ پبلی کیشنز کے زیر اہتمام بعض اہم کتب کو شائع کرنے کی سعادت حاصل کی ہے اور اس شعبے میں متعدد کتب زیر طباعت ہیں۔

رابطہ کے لئے: قرآن سنٹر۔ ۲۴ الفضل مارکیٹ، اردو بازار، لاہور



© rasailojaraid.com